**18.04.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں فرقان خان

Music

..................................................................

- ☆ ملک، بھارتی خلا باز کی بین الاقوامی خلائی اسٹیشن تک اگلے ماہ طے کی گئی پرواز کے ذریعے تاریخ رقم کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔
- ☆ چھتیس گڑھ کے سکما ضلع میں 33 ماؤنوازوں نے سکیورٹی فورسز کے سامنے خود سپردگی کی۔
- ☆ NHRC اور NCW کے وفود نے مغربی بنگال میں مرشدآباد وقف احتجاج سے متعلق تشدد کے متاثرین سے ملاقات کی۔
- ☆ مرکز نے راڈار آلات کیلئے ضوابط کو نوٹیفائی کیا ہے تاکہ سڑک تحفظ کو مستحکم کیا جاسکے اور ٹریفک ضابطوں کے نفاذ میں شفافیت آسکے۔
- ☆ آج دنیا بھر Good Friday منایا جارہا ہے۔
- ☆ اور اسکواش میں بھارت کے ویر چوٹرانی اور اناہت سنگھ کوالالمپور میں عالمی چمپئن شپ ایشیا کوالیفائر کے سیمی فائنل مقابلوں میں پہنچ گئے ہیں۔

..................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

**India Space Mission**

بھارت اپنے خلائی سفر میں ایک انتہائی اہم باب رقم کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ اگلے ماہ بین الاقوامی خلائی مشن، ایک بھارتی خلا باز کو اپنے ساتھ خلا میں لے جائے گا۔ خلا اور ایٹمی توانائی کے وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو میں آنے والے چند مہینوں میں مستقبل کے اہم منصوبوں کا جائزہ لینے کیلئے منعقدہ اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے بعد یہ اعلان کیا۔ ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ یہ مشن بین الاقوامی خلائی اسٹیشن تک کسی بھارتی کا پہلا سفر ہوگا اور 1984 میں راکیش شرما کی تاریخی پرواز کی چار دہائیوں کے بعد خلا میں کسی بھارتی خلا باز کا پہلا سفر ہوگا۔

آنے والی انسانی خلائی پرواز اور اسرو کے کئی اہم مشنوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر موصوف نے بتایا کہ بھارت اپنے اگلے خلائی سنگ میل کیلئے طوری طرح تیار ہے۔

انھوں نے کہا کہ بین الاقوامی ممالک کے ساتھ شراکت داری اور گگن یان جیسے پروجیکٹوں میں آئی اہم پیشرفت خلائی ٹیکنالوجی میں عالمی لیڈر بننے کے بھارت کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ وزیر موصوف نے زور دے کر کہا کہ یہ تمام کوششیں اپنی نوعیت کے اعتبار سے صرف سائنسی نہیں ہیں بلکہ یہ ایک ترقی یافتہ اور خودکفیل بھارت کے تصور سے بھی وابستہ ہیں۔

خلائی محکمے کے سکریٹری اور اِسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے بتایا کہ بھارتی فضائیہ کے گروپ کیپٹن شُبھانشو شُکلا Axiom خلا کے Ax-4مشن کے ایک حصے کے طور پر اگلے ماہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن تک پرواز کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔x

## Chhattisgarh Maoist

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلع میں 33ماؤنوازوں نے پولیس اور CRPF کے سینئر افسران کے سامنے خود سپردگی کی۔ اِن ماؤنوازوں کی گرفتاری پر کُل49لاکھ روپے کا انعام تھا۔ آج خودسپردگی کرنے والے نکسلیوں میں گیارہ سُکما ضلع کی گرام پنچایت Bade Setty میں سرگرم تھے۔ آکاشوانی کے خبروں کے شعبے سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے سُکما کے SP کرن چوہان نے بتایا کہ اِن نکسلیوں کی خود سپردگی کے ساتھ Bade Setty علاقہ بَستر ڈویژن کی نکسلیوں سے پاک پہلا گرام پنچایت ہوگیا۔

S/B: SP Sukma- Naxal

خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کو ریاستی سرکار کی باز آباد کاری پالیسی کے تحت پچاس پچاس ہزار کی رقم بھی دی گئی۔ اِس کے علاوہ اُنہیں دیگر سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے نکسل سے پاک بھارت کی مہم میں سیکیورٹی فورسز کے اہلکاروں اور چھتیس گڑھ پولیس کی کامیابی پر اُنہیں مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے نکسلیوں سے اپیل کی کہ وہ حکومت کی خود سپردگی کی پالیسی کو اپنا کر جلد سے جلد اپنے ہتھیار چھوڑ دیں اور قومی دھارے میں شامل ہوجائیں۔ مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے چھتیس گڑھ میں آج پانچ مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔ چھتیس گڑھ پبلک سروس کمیشن میں بھرتی کے گھوٹالے سے متعلق ایک معاملے میں رائے پور میں تین اور مہا سَمُند میں دو مقامات پر تلاشی کی کارروائی شامل ہے۔ اِس تلاشی میں قابل اعتراض دستاویزات ضبط کیے گئے۔ x

## WB Delegation Visits

مغربی بنگال میں انسانی حقوق کے قومی کمیشن NHRC اور خواتین کے قومی کمیشن NCW کے وفود نے آج مالدہ کے ویشنو نگر کے Parlapur کا دورہ کیا۔ مندوبین نے مرشدآباد وقف ایجی ٹیشن سے وابستہ تشدد کے اُن متاثرین سے ملاقات کی جو محفوظ رہنے کی وجہ سے اپنے گھر چھوڑ آئے ہیں۔ NCW کی صدر نشین Vijaya Rahatkar نے ریلیف کیمپوں میں رہ رہے بچوں اور خواتین کے بارے میں بتایا کہ وہ انتہائی پریشانی کے عالم میں ہیں۔

S/B 2100 NCW Vijaya Rahakar

انتظامی سطح پر نظر انداز کئے جانے کے اور خطے میں عدم استحکام پیدا کرنے کی سازش رچنے کے الزامات لگائے گئے۔ مقامی افراد نے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے BSF کے مستقل کیمپ کا مطالبہ کیا۔اِدھر گورنر سی وی آنند بوس بھی مالدہ گئے اور انھوں نے کیمپوں کا دورہ کیا۔کانگریس لیڈر ادھیر رنجن چودھری نے وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی کی نکتہ چینی کی کہ انھوں نے زمینی بحران کو حل کرنے کیلئے کچھ نہیں کیا۔x

## PM Elon Musk

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج Tesla کے سی ای او Elon Musk سے بات چیت کی اور ٹیکنالوجی اور اختراعات کے شعبوں میں شراکت داری پر تبادلۂ خیال کیا۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں جناب مودی نے اطلاع دی کہ انہوں نے کئی معاملات پر تبادلۂ خیال کیا، جس میں وہ موضوعات بھی شامل ہیں، جن پر اِس برس کے آغاز میں واشنگٹن ڈی سی میں جناب Musk کے ساتھ اُن کی ملاقات کے دوران بات چیت کی گئی تھی۔ جناب مودی نے ٹیکنالوجی اور اختراعات کے شعبوں میں امریکہ کے ساتھ اپنی شراکت داری میں پیش رفت کے بھارت کے عزم کی توثیق کی۔ x

## PM Speeches Book Launch

'سنسکرتی کا پانچواں اَدھیائے' کے عنوان سے آج نئی دلّی میں ایک کتاب کا اجرا کیا گیا۔ یہ کتاب، مختلف مواقع پر دی گئی وزیر اعظم نریندر مودی کی تقریروں کا ایک مجموعہ ہے۔ Juna Akhara کے سربراہ آچاریہ مہا منڈلیلیشور سوامی اَودھیشا نند گری نے کتاب کا اجرا کیا۔ x

## Bihar Prasar Bharati Chairman

پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے آج کہا کہ آکاشوانی اور دوردرشن بدلتے ہوئے منظرنامے کے ساتھ نشریات کے اپنے Content اور ٹیکنالوجی کو لگاتار فروغ دے رہے ہیں۔ آکاشوانی کے خبروں کے شعبے سے بات چیت کرتے ہوئے جناب سہگل نے کہا کہ عوامی خدمات کے دونوں نشریاتی ادارے بہتر ٹیکنالوجی کو اختیار کر رہے ہیں اور خود کو فروغ دے رہے ہیں۔ جناب سہگل نے بتایا کہ پرسار بھارتی کا OTT پلیٹ فارم WAVES کو سبھی مکتبہ فکر کے شائقین میں مقبولیت حاصل ہو رہی ہے اور اِس پر الگ الگ نوعیت کا Content دستیاب ہے۔جناب سہگل نے سرکاری اسکیم کی بھی ستائش کی کہ جس کے ذریعے World Audio Video Entertainment Summit (WAVES) کے ساتھ ملک میں Content کی تخلیق اور معاون تخلیقی سیکٹر کی تشکیل کی جارہی ہے۔

S/B Navneet Kumar Sehgal

اِس سے قبل پرسار بھارتی کے چیئرمین نے آکاشوانی پٹنہ کے افسران کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی اور خبروں، پروگرام اور انجینئرنگ کے شعبے سمیت مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔x

## Mumbai Waves Review Meeting

اطلاعات اور نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے ممبئی میں پہلی مئی سے چار مئی تک ہونے والے World Audio Visual and Entertainment Summit کی جاری تیاریوں کے سلسلے میں جائزہ لینے کیلئے ایک میٹنگ کی۔ میٹنگ میں مرکز اور مہاراشٹر حکومت کے نوڈل آفیسروں نے شرکت کی۔ میٹنگ میں سمٹ کے مقام پر جاری تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔x

## Centre Radar Rule

مرکز نے راڈار آلات کے ضوابط کو نوٹیفائی کیا ہے تا کہ سڑک کی حفاظت کو مضبوط کیا جاسکے اور ٹریفک قوانین کے نفاذ میں مزید شفافیت آسکے۔ راڈار آلات، گاڑیوں کی رفتار کو ناپنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ صارفین کے امور، غذا اور عوامی تقسیم کی وزارت نے ایک بیان میں آج کہا ہے کہ اِن ضوابط کا اطلاق پہلی جولائی سے ہوگا۔

ضوابط کے تحت، راڈار پر مبنی رفتار ناپنے کے تمام آلات کا ویری فکیشن لیگل میٹرولوجی حکام کریں گے اور وہ اِس پر اپنی مہر لگائیں گے۔ وزارت نے کہا کہ ویریفائی کئے گئے راڈار آلات سے اُن کے صحیح ہونے، قانونی شرائط کے پورا ہونے اور شفاف عمل آوری قائم کرنے، عوامی اعتماد بڑھانے اور سڑک کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

اس میں مزید کہا گیا ہے کہ شہریوں کو غلط طور پر عائد جرمانوں کے چند معاملات سے بچنے کا فائدہ ملے گا، ساتھ ہی سائنٹفک طور پر ویریفائی کئے گئے اسپیڈ چیک سے بھروسے میں اضافہ ہوگا۔x

## Good Friday

دنیا بھر میں آج عیسائی Good Friday منا رہے ہیں۔ عیسائی کلینڈر میں آج کا دن انتہائی مقدس اور قابل احترام مانا جاتا ہے۔ یسوع مسیح کو مصلوب کیے جانے کی علامت کے طور پر منائے جانے والا Good Friday کا دن، سوگ، غور و فکر اور روحانی تقدس کے اظہار کا دن ہے۔

کیرالہ کی پوری ریاست میں گرجا گھروں میں آج خصوصی دعائیں کی گئیں۔ کوچی کے ہمارے نمائندے نے اِس سلسلے میں اپنی رپورٹ میں بتایا۔

VC- Raj Mohan

آج کا یہ دن، اُداسی اور تپسیا کے دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر عقیدتمندوں نے گرجا گھروں میں خصوصی دعائیہ جلسوں میں شرکت کی۔ ریاست بھر میں مختلف مقامات پر پادریوں نے جلوس نکالے۔ اِن مقدس جلسوں میں عیسیٰ مسیح کے پیغام اور انسانیت کی فلاح کیلئے اُن کی قربانی کو یاد کیا گیا۔ کوچی کے نزدیک Malayattoor کے مقام پر واقع Saint تھامس چرچ میں ہزاروں عقیدتمندوں نے پہاڑی گوفہ کی زیارت کی۔ اُن کے ہاتھوں میں لکڑی کی بنی علامتی صلیبیں تھیں۔ مانا جاتا ہے کہ یہ گرجا گھر، عیسیٰ مسیح کے حواری Saint تھامس نے قائم کیا تھا۔ مقدس ہفتہ، اتوار کے دن ایسٹر کے ساتھ ختم ہوجائے گا۔

کوچی سے راج موہن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل خان

### Parakash Purb

آج سکھوں کے نویں گرو، گُرو تیغ بہادر صاحب جی کا پرکاش Parv بھی ہے۔ ان کی پیدائش 1621 میں امرتسر میں ہوئی تھی۔ وہ سکھوں کے چھٹے گرو شری گُرو ہرگوبند صاحب جی کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ وہ ایک روحانی دانشور اور ایک شاعر تھے جنہیں ایک اصول پسند اور نڈر جنگجو کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے نویں سکھ گرو کو خراج عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے گُرو تیغ بہادر جی کو عظیم روحانی رہنماؤں میں سے ایک قرار دیا۔x

### Jee Main Result

جوائنٹ انٹرینس ایگزامنیشن (JEE) مین 2025 کے نتیجے کا اعلان کل کیا جائے گا۔ نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی NTA نے کہا کہ JEE Main 2025 کے سیشن–II کی فائنل Answer Keys کو آج سہ پہر دو بجے سے JEE Main کی ویب سائٹ پر نشر کر دیا گیا ہے۔ اسے ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ x

### Chhattisgarh CBI

مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے چھتیس گڑھ میں آج پانچ مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔ چھتیس گڑھ پبلک سروس کمیشن میں بھرتی کے گھوٹالے سے متعلق ایک معاملے میں رائے پور میں تین اور مہا سَمُند میں دو مقامات پر تلاشی کی کارروائی شامل ہے۔ اِس تلاشی میں قابل اعتراض دستاویزات ضبط کیے گئے۔ x

### Secretary Appointment

مرکز نے آج مختلف وزارتوں اور محکموں میں سکریٹریوں کی تقرری کی۔ اروِند شری واستو کو وزارتِ خزانہ میں محصولات محکمے کا سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ فی الوقت وہ وزیر اعظم کے دفتر میں ایڈیشنل سکریٹری کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وزارتِ دفاع میں ڈائریکٹر جنرل برائے خریداری کام کر رہے سمیر کمار سنہا کو شہری ہوا بازی کے محکمے کا سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ سنتوش کمار سارنگی کو نئی اور قابل تجدید توانائی کی وزارت میں سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔ فی الوقت وہ غیرملکی تجارت کے ڈائریکٹر جنرل ہیں۔ Nikunja Bihari Dhal کو پارلیمانی امور کی وزارت میں سکریٹری مقرر کیا گیا ہے۔x

### Hamas Ceasfire

حماس نے جنگ بندی کی اسرائیل کی نئی پیشکش کو مسترد کردیا ہے۔ اِس کے بجائے اُس نے فلسطینی قیدیوں کے بدلے اغوا کئے گئے تمام افراد کو چھوڑنے اور جنگ ختم کرنے کے ایک جامع معاہدے کی تجویز پیش کی ہے۔ اسرائیل کی تجویز میں 45دن تک جنگ بندی اور اغوا کئے گئے دس افراد کی رہائی شامل ہے۔ حماس نے اِسے ایسا جزوی معاہدہ کہہ کر مسترد کردیا ہے کہ اِس سے اسرائیل کے وزیر اعظم بنجامن نیتن یاہو کے سیاسی

ایجنڈے کی تکمیل ہوتی ہے۔ 59مغویہ افراد اب بھی قید میں ہیں جن میں سے 24کے بارے میں مانا جاتا ہے کہ وہ زندہ ہیں۔ بات چیت تعطل کا شکار ہے۔ دونوں طرفین کسی مکمل معاہدے سے بہت دور ہیں۔ اسرائیل کا کہنا ہے کہ اُس کا مقصد حماس کا مکمل خاتمہ ہے۔ اِدھر غزہ پر فضائی حملوں کا سلسلہ جاری ہے۔ روزانہ درجنوں افراد کی جانیں مبینہ طور پر تلف ہو رہی ہیں اور انسانی امداد کی اِس علاقے میں داخلے پر پابندی ہے۔x

## Boxing

اردن کی راجدھانی عمّان میں منعقد ہونے والی ایشیائی انڈر– 15اور ایشیائی انڈر– 17باکسنگ چمپئن شپ میں شرکت کیلئے بھارت نے 56ممبران پر مشتمل ایک دستہ بھیجا۔ ایشیائی باکسنگ کی جانب سے منعقد ہونے والا یہ پہلا ٹورنامنٹ ہے، جسے ایشیائی اولمپک کاؤنسل اور نوتشکیل شدہ عالمی باکسنگ، دونوں نے تسلیم کیا ہے۔ انڈر– 17 لڑکوں کی ٹیم میں Sahil Duhan اور Devaush کے نام نمایاں ہیں جنہوں نے 2024میں کھیلی گئی ایشیائی جونیئر چمپئن شپ میں بالترتیب چاندی اور کانسے کے تمغ جیتے تھے۔ ان میں SGFI-2024میں سونے کا تمغہ جیتنے والے کھلاڑی Tikam Singh کا نام بھی نمایاں ہے۔ x

## Squash World Qualifying

اسکواش میں آج بھارت کے کھلاڑی ویر Chotrani، ملیشیا کے شہر کوالامپور میں جاری عالمی چمپئن شپ ایشیا کوالیفائر کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے۔ انہوں نے ملیشیا کے کھلاڑی محمد شفیق کمال کو شکست دی۔ دوسرے درجے کے کھلاڑی چوترانی نے چھٹے درجے کے کھلاڑی کمال کو 9-11، 6-11، 6-11، 7-11 سے شکست دے کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی۔ x

## Shot Put

سعودی عرب کے شہر دمام میں 18سال سے کم عمر کے کھلاڑیوں کی جاری ایشیائی چمپئن شپ میں بھارت کے 16برس کے Nishchay نے اپنا دوسرا تمغہ حاصل کیا ہے۔ انھوں نے مقابلے کے تیسرے دن آج لڑکوں کے Shotput کھیل میں اپنی ذاتی بہترین 19اعشاریہ پانچ نو میٹر کی دوری تک گولہ پھینک کر چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔x

☆☆☆☆☆☆